پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات 'کیمپس)
محکمہ اطلاعات وزابطہ عامہ اترپردیش

اترپردیش سے نیپال کے جذباتی اور سماجی رشتے: وزیراعلیٰ

نیپال سے ملحق اضلاع میں ترقیاتی کام تیز کیا جائے گا

تاکہ دونوں طرف کے لوگ اقتصادی ترقی کرسکیں

موجودہ حکومت نے کشی نگر میں بین الاقوامی ہوائی اڈے

کی تعمیر کے کام کو تیزی سے آگے بڑھایا

وزیراعلیٰ سے نیپالی وفد کی ملاقات

لکھنؤ ۲۰/جولائی ۲۰۱۲

اترپردیش کے وزیراعلیٰ جناب اکھلیش یادو نے کہا کہ نیپال سے ہندوستان کو پرانا تعلق ہے، لیکن اترپردیش سے نیپال کے جذباتی اور سماجی رشتے ہیں۔ انہوں نے ان رشتوں کو مزید مستحکم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نیپال سرحد سے ملحق ریاست کے سبھی اضلاع میں ترقیاتی کام تیز کئے جائیں گے، تاکہ دونوں طرف کے لوگ اقتصادی ترقی کرسکیں۔ انہوں نے مہراج گنج سے ڈوڈی باڑی۔ گورکھپور سڑک کی تعمیر اور نیپال سے ریاست کے لئے جڑی بوٹیوں کی برآمدات میں درپیش دشواریوں کے ازالے کی ہدایت دی۔ انہوں نے نیپال سرحد تک مجوزہ سڑکوں کی تعمیر ہونے تک موجودہ سڑکوں کی مرمت کرانے کی ہدایت دی، تاکہ آمدورفت کا مسئلہ نہ پیدا ہو۔

وزیراعلیٰ آج یہاں شاستری بھون میں واقع جلسہ گھر میں فیڈریشن آف نیپالیز چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹری۔ (ایف۔این۔سی۔سی۔آئی۔) کے وفد سے ملاقات کے بعد اپنے خیالات کا اظہار کررہے تھے۔ انہوں نے نیپال کے سابق وزیراعظم جناب کوئرالا اور سماج وادی پارٹی کے قومی صدر جناب ملائم سنگھ یادو کے تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ نیپال کے وفد میں جن مسئلوں کا ذکر کیا ہے، ان میں سے ریاستی حکومت سے متعلق مسائل کا جلد تدارک کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے لائن، ندیوں کے سیلاب، بجلی، کسٹم وغیرہ سے متعلق مسئلوں کے ازالے کے لئے مرکزی حکومت کو خط تحریر کیا جائے گا۔

جناب یادو نے کہا کہ نیپال سرحد سے متصل ریاست کے سبھی ضلعوں کو جوڑتے ہوئے ایک عالمی سطح کی سڑک تعمیر کی جائے گی۔ اس کے علاوہ نیپال سرحد سے ملحق اضلاع کے لئے جو قومی اور ریاستی شاہراہوں

کی تجویر ہے، انہیں بھی جلد مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت ضلع صدر مقامات کو چار لین کی سڑکوں سے جوڑنے کا کام شروع کر رہی ہے۔ اس کا فائدہ ریاست کے نیپال سے متصل اضلاع کے ساتھ ساتھ نیپال کو بھی حاصل ہوگا۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیاحت کے زمرے میں کافی امکان ہیں، جس کے مدنظر ان کی حکومت نے کشی نگر میں بین الاقوامی ہوائی اڈہ پی. پی. پی. نظام کے تحت تعمیر کرانے کے کام کو تیزی سے آگے بڑھایا ہے۔ اس پروجیکٹ سے متعلق تقریباً سبھی خانہ پری مکمل ہو چکی ہیں۔ اس ہوائی اڈے کی تعمیر سے دونوں ملکوں میں سیاحت کو فروغ ملے گا اور اس علاقے کی اقتصادی ترقی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نیپال سے متصل اضلاع کے نظم ونسق اور دیگر مسائل کے ازالے کے لئے ان ضلعوں کے ضلع مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ پولیس کو نیپال کے ہم منصب ضلع سطحی افسران کے ساتھ باضابطہ میٹنگ کرنے کی ہدایت دی جائے گی۔

جناب یادو نے کہا کہ نیپال کی ندیوں سے اچانک پانی چھوڑے جانے کے سبب سب سے زیادہ نقصان اتر پردیش کو اٹھانا پڑتا ہے۔ اس سلسلے میں حکومت ہند سے تبادلہ خیال کر کے بھوٹال کی طرح بجلی پیدوار پروجیکٹوں کے لئے پہل کرنے کی درخواست کی جائے گی۔ نیپالی وفد کی جانب سے ریاستی حکومت سے نیپال کی اضافی بجلی خریدنے کی اپیل پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست کی بجلی ترسیل صلاحیت ۳۰ ہزار میگا واٹ تک کرنے کے لئے تقریباً ۱۰ ہزار کروڑ روپئے خرچ کئے جائیں گے۔

میٹنگ میں وزیر پنچائتی راج جناب بلرام یادو، وزیر مملکت برائے پروٹوکال جناب ابھی شیک مشرا، کمشنر برائے انفرااسٹرکچر اور صنعتی ترقیات جناب انل کمار گپتا، پرنسپل سکریٹری آئی. ٹی. جناب جیویش نندن، سی. ای. او. یو پی ڈا جناب موکل سنگھل، وزیر اعلیٰ کے سکریٹری جناب آلوک کمار، ایف. این. سی. سی. آئی. کی وائس چیئر پرسن محترمہ بھوانی رانا اور نیپال میں ہندوستانی سفارش خانے کی فرسٹ افسر محترمہ انجو رنجن اور دیگر افسران موجود تھے۔

.....